پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001

فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

7 جون 2016

ریزروبینک آف انڈیا نے ''اگروہا کوآپریٹو شہری بینک لمٹیڈ، حیدرآباد، تلنگانہ'' پر جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا نے ''اگروہا کوآپریٹو شہری بینک لمٹیڈ، حیدرآباد، تلنگانہ'' پر ایک لاکھ روپیہ (Rs.1,00,000/-) کا مالی جرمانہ عائد کیا ریزروبینک نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے سیکشن 47A(1)(b) جسکو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے کوآپریٹو بینک کے ذریعہ ریزروبینک کے رہنما خطوط اور ڈائریکٹو کے خلاف اپنے ڈائریکٹرس اور انکے رشتہ داروں کو قرضہ جات کی فراہمی کی، اس طرح ریزروبینک کے احکامات کی خلاف ورزی کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے کوآپریٹو بینک کو ایک وجہ بتاؤ (شوکاز) نوٹس جاری کیا تھا جسکے جواب میں بینک نے اپنی تحریری وضاحت دی۔ معاملہ کی حقیقت پرغور کرنے کے بعد اور کوآپریٹو بینک کے تحریری جواب سے ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس پر جرمانہ عائد کردیا گیا۔

پریس ریلیز 2840/2015-2016

سنگیتہ داس

ڈائریکٹر